نئے سال کا پیغام

ہمارے بہادر افسران اور جوانو

سال 2022 اپنے اختتام کو پہنچ چُکا ہے اور روایت کے مطابق ہم سال نَو کی پہلی روشنی کو خوش آمدید کہنے کے لیے تیار ہیں۔ نئے سال کے ان لمحات کے جذبات کے عین مطابق میں جموں وکشمیر پولیس اور اُنکے اہلخانہ کو نئے سال کی بہت بہت مبارکباد پیش کرتے ہوئے بے پناہ خوشی محسوس کررہا ہوں۔ آپ کی وہ پیشہ وارانہ مہارت، لگن اور محنت قابل تعریف ہے جو ہم سب نے سال 2022 میں "امن کے مشن ا" کو آگے بڑھانے کے لیے سرانجام دی ہے۔

ہم نے دہشت گردی کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے میں ایک طویل سفر طے کیا ہے اور ان کاوشوں سے جموں وکشمیر میں سیکورٹی کی صورتحال میں واضح فرق ہمارے سامنے ہے۔ جموں وکشمیر پولیس، سیکورٹی فورسز اور فوج کی انتھک اور غیر متزلزل کوششیں دہشت گردوں اور ان کے آقاؤں کی تمام مذموم کوششوں کو مؤثر طریقے سے ناکام بنا رہی ہیں۔

ماضی قریب میں، دہشت گردوں نے اپنا طریقہ کار بدل لیا ہے اور بزدلوں کی طرح آسان اہداف اور کمزور لوگوں پر حملہ آور ہو رہے ہیں۔ ان حملوں سے سیکھنے کے لیے اہم اسباق ہیں، جس کے لیے ہمیں دہشت گردی کے عزائم اور ہتھکنڈوں کو ختم کرنے کی ضرورت ہے اور اپنی جوابی حکمت عملی میں موجود خامیوں پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ بے گناہ شہریوں کے قتل کے واقعات پر پولیس وسیکورٹی فورسز کا ردعمل قابل تعریف ہے کیونکہ ان حملوں میں ملوث تقریباً تمام کرداروں کو فوری طور پر ڈھونڈ کر کیفر کردار تک پہنچایا گیا ہے۔

جموں وکشمیر پولیس اور دیگر فورسز کی بے لوث خدمات سے ہم جموں وکشمیر میں سرگرم دہشت گردوں کی تعداد کو کم کرنے میں کامیاب رہے ہیں جو آج کی تاریخ میں سب سے نچلی سطح پر آ گئی ہے۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہو رہی ہے کہ آج جموں کشمیر کے کچھ اضلاع مقامی دہشت گردوں سے پاک ہیں جس کی وجہ سے ان اضلاع میں عام عوام راحت کی سانس لے رہے ہیں اور معاشی ترقی، تعلیم اور خوشحال زندگی جینے کی طرف رواں دواں ہے۔

سال 2022 کے دوران بھی ہم نے بہت سے خطرات کا سامنا کیا لیکن ہم ان خطرات کا مقابلہ ہمت اور کامیابی کے ساتھ کرنے میں کامیاب رہے۔ جبکہ اس دوران ہم نے حادثات سے پاک سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کو بھی یقینی بنایا ہے۔ سالِ گذشتہ کے دوران جموں وکشمیر پولیس دیگر ایجنسیوں کے تعاون سے دہشت گردی کے ساتھ جُڑے نظام کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنانے میں کامیاب رہی ہے۔ جس کے نتیجے میں "ہڑتال" کلچر کو ختم کرنے کے علاوہ سال بھر امن وامان کی صورتحال کی بحال رکھنے میں مدد ملی ہے۔ سال گذشتہ کے دوران دہشت گردوں کے خلاف 113 کامیاب آپریشن انجام دئے گئے جن میں مختلف تنظیموں سے وابستہ 186 دہشت گرد مارے گئے۔ جبکہ اس مدت کے دوران 157، دہشت گردوں اوران کے 557 معاونین کو سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا گیا اوراس کے علاوہ دہشت گردوں کے 146 گروہوں کا پردہ فاش کیا گیا۔

اپنی قربانیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے بدقسمتی سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جموں وکشمیر پولیس کے 14 شیر دلوں سمیت 31 بہادر سیکورٹی اہلکاروں کو کھو دیا ہے۔ میں جموں وکشمیر پولیس اور دیگر سیکورٹی فورسز کے ان تمام ساتھیوں جو کہ ہمارے ہیروز (Heros) ہیں کو خراج عقیدت اوران کے اہلخانہ کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے قوم کی خودمختاری اور سالمیت کے تحفظ کے لئے عظیم قربانیاں پیش کی ہیں۔

جموں وکشمیر پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اوراس کے اعتراف میں، سال 2022 کے دوران 548 پولیس اہلکاروں کو مختلف تمغوں سے نوازا گیا، جن میں (223 پولیس میڈل برائے گیلنٹری)، (04 پریزیڈنٹ پولیس میڈل برائے ڈسٹنگوشڈ سروسز)، (30 پریزیڈنٹ پولیس میڈل برائے میریٹوریس سروس)، (266 جے کے پولیس میڈل برائے گیلنٹری)، (10 جموں وکشمیر کے پولیس میڈل برائے میریٹوریس سروس)، (04 مرکزی وزیر داخلہ کے خصوصی آپریشن کے تمغے) اور (01 مرکزی وزیر داخلہ کا تمغہ برائے پولیس تفتیش میں بہترین کارکردگی) شامل ہے۔ جموں وکشمیر پولیس کے سربراہ ہونے کی حیثیت میں ایسی بہادر قوت کی قیادت کرنے پر فخر اور خوش محسوس کرتا ہوں جو ہر چیلنج کو حوصلے کے ساتھ قبول کرتی ہے۔

عزیز ساتھیو سال 2023 میں بھی ہمیں کئی محازوں پر چلینجز کا سامنا رہے گا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری توجہ کا مرکز رہنا چاہئے۔ ہمیں سال نَو کے دوران دہشت گردی سے پاک جموں وکشمیر کے قوم کے خواب کو شرمندہ

تعبیر کرنے کے لیے اپنی حکمت عملی سے منصوبہ بند حتمی حملہ کرنا چاہیے۔ ہمیں منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی مہم کو مربوط طور پر تیز کرنا چاہیے اور سرحد پار سے ہماری نوجوان نسل کو نقصان پہنچانے کی اس مذموم سازش کو ناکام بنانا چاہیے۔ اس کے ساتھ ہی، میں جموں وکشمیر پولیس کے تمام افسران اور جوانوں کو اعلیٰ ترین پیشہ ورانہ مہارت اور لگن کا مظاہرہ کرنے کی تلقین کرتا ہوں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ (یو اے پی اے) اور (این ڈی پی ایس) سمیت خصوصی نوعیت کے مقدمات میں قصورواروں کو سزا ملے تاکہ دہشت گردی کے ساتھ جُڑے نظام کی ریڑھ کی ہڈی کو توڑا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنی کاوشوں میں تمام متعلقین کا اعتماد اور حمایت حاصل کرنے کے لیے اپنا کام جاری رکھنا چاہیے۔ آؤ 2023 میں، ہم ایک تنظیم کے طور پر، اپنے ساتھ اپنے فرائض کی انجام دہی میں جوش و جزبے کی تجدید کا عہد کریں تاکہ جموں وکشمیر میں دیرپاء امن قائم ہوسکے اور اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ہمارے لوگ یہ جان کر اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور خوشی محسوس کریں کہ ان کی حفاظت جموں وکشمیر پولیس کے مضبوط ہاتھوں میں ہے۔

دلباغ سنگھ۔ (آئی پی ایس)
ڈائریکٹر جنرل آف پولیس
جموں وکشمیر